## امیدوار فورم کیا ہیں؟

- امیدوار فورم، امیدواران کے لیے اپنی برادری کے والدین اور نامزد انتخاب کنندگان سے ملاقات کرنے اور بات چیت کرنے کا موقع ہیں تاکہ وہ اس پر گفتگو کرسکیں کہ انکو کسی تعلیمی کونسل پر خدمات سرانجام دینے کے لیے کیوں چنا جائے۔

## کیا امیدواروں سے امیدوار فورم میں شرکت کا تقاضہ کیا جاتا ہے؟

- نہیں۔ تاہم، امیدواران کو پرزور تاکید کی جاتی ہے کہ وہ شرکت کریں۔ یہ فورم امیدواران کو برادری سے براہ راست بات چیت کرنے اور یہ اظہار کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں کہ انکو کونسل پر خدمات سرانجام دینے کے لیے کیوں منتخب کیا جانا چاہیے۔

## امیدوار کے لیے درخواست دینے کے ساتھ ساتھ، کیا ایسے کوئی دیگر طریقے ہیں جن کے ذریعے والدین کونسلوں کے انتخابی طریق عمل میں شرکت کرسکتے ہیں؟

- جی ہاں، والدین کے لیے شرکت کرنے کے متعدد طریقے موجود ہیں۔ آپ کونسلوں کے لیے درخواست دینے کے دیگر امیدواران تلاش کرنے میں مدد کرسکتے ہیں؛ اپریل کے اواخر میں امیدوار فورم کے دوران شرکت کرکے امیدواران سے سوالات کرسکتے ہیں؛ ان امیدواران کی باقاعدہ مہم میں مدد کریں جنکو آپکا تعاون حاصل ہے؛ اور اپنے والدین انتخاب کنندگان کو پرزور تاکید کریں کہ وہ انتخاب کنندہ ووٹ کے دوران ان امیدواران کو ووٹ دیں جنکو آپکی اعانت حاصل ہے۔

## اہم تواریخ

**13 فروری - 13 مارچ:**
ایک تعلیمی کونسل میں خدمات انجام دینے کے لیے درخواست دیں

**8 اپریل - 25 اپریل:**
امیدواروں کا فورم

**1 مئی - 14 مئی:**
انتخاب کنندگان کا ووٹ

---

**مزید معلومات اور مدد کے لیے:**

**تعلیمی کونسلیں**
www.schools.nyc.gov/Offices/CEC/default.htm
پر پائی جاسکتی ہیں

**انتخابی طریقِ کار**
کے بارے میں معلومات
www.nycparentleaders.org
پر پائی جاسکتی ہیں۔

اگر آپکے کوئی سوالات ہیں تو براہِ مہربانی
**شعبہ برائے خاندانی اور اجتمائی شُمولیت**
CECSelectionprocess@schools.nyc.gov یا
212.374.4118 پر رابطہ کریں

NYC Department of Education
Dennis M. Walcott, Chancellor

شعبہ برائے خاندانی اور اجتمائی شمولیت
والدین اور خاندان

T&I-18842 (Urdu)



# تعلیمی کونسل انتخابی طریقِ کار

2013 رہنمائی کتابچہ

NYC Department of Education
Dennis M. Walcott, Chancellor

*nycparentleaders.org*

## 2013 تعلیمی کونسل انتخابی طریقِ کار

2013 میں، والدین کو انکے بچوں پر اثرانداز ہونے والی پالیسیوں اور فیصلوں میں ضلعی سطح پر سرگرم کردار ادا کرنے کا ایک یگانہ موقع ملے گا- اجتماعی اور شہرپیما تعلیمی کونسلیں نیویارک شہر پبلک اسکولوں کے لیے تعلیمی پالیسیوں کو مرتب کرنے میں ایک اہم کردار ادا کرتی ہیں-

### درخواست دینا

**میں کونسل پر خدمات سرانجام دینے کے لیے کس طرح درخواست دے سکتا ہوں؟**

- آپ 13 فروری، 2013 سے شروع آن لائن درخواست دے سکتے ہیں- درخواست کا طریق عمل 13 مارچ کو رات 11:59 بجے ختم ہوجائے گا- اس وقت ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے کاغذی درخواستیں بھی دستیاب ہونگی-
- جن افراد کے پاس ذاتی کمپیوٹر تک رسائی نہیں، شعبہ برائے اہل خانہ اور اجتمائی شمولیت (FACE) اسکے متعلق معلومات فراہم کرے گا کہ افراد کس طرح FACE کے دفتر، مقامی ضلعی دفاتر اور اسکولوں، اور پبلک لائبریریوں میں کمپیوٹر تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں-
- اجتمائی تعلیمی کونسل (CEC) پر خدمات انجام دینے کی درخواست دینے کے واسطے یہ ظاہر کرنے کے لیے ڈراپ ڈاؤن بار کا استعمال یقینی بنائیں کہ آپ کس CEC(s) پر خدمات انجام دینا چاہیئں گے!
- شہرپیما کونسل پر خدمات انجام دینے کے لیے درخواست دینے کے لیے یہ واضح کرنا یقینی بنائیں کہ آپ کن شہرپیما کونسلوں پر خدمات انجام دینا چاہیئں گے!
- نوٹ کریں کہ اگر آپ CEC اور شہرپیما کونسل پر خدمات انجام دینے کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں تو آپکو دو (2) علیحدہ درخواست کے فارم مکمل کرنے ہوں گے-

**کونسل کی درخواست کا فارم مکمل کرنے کے لیے کتنا وقت چاہیے؟**

- کونسل کا درخواست فارم مکمل کرنے کے لیے کل درکار وقت قریب 25-30 منٹ ہے-

**کیا میں ایک سے زیادہ کونسل پر خدمات سرانجام دینے کے لیے درخواست دے سکتا ہوں؟**

- جی ہاں، دلچسپی رکھنے والے والدین ایک سے زیادہ کونسل پر خدمات سرانجام دینے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں- تاہم، والدین کو صرف ایک کونسل پر خدمات سرانجام دینے کے لیے چنا جاسکتا ہے- متعدد کونسلوں پر خدمات سرانجام دینے کی درخواست دینے والے والدین کو اس ہر اس کونسل کی ترجیح کے لحاظ سے درجہ بندی کرنی ہوگی جس میں خدمات سرانجام دینا چاہتے ہیں-

**اگر مجھے متعدد کونسلوں پر خدمات سرانجام دینے کے لیے چنا گیا تو کیا ہوگا؟**

- متعدد کونسلوں پر خدمات سرانجام دینے کی درخواست دینے والے والدین کو اس ہر ایک کونسل کی ترجیح کے لحاظ سے درجہ بندی کرنی ہوگی جس میں خدمات سرانجام دینا چاہتے ہیں- اگر کسی والدین کو متعدد کونسلوں پر خدمات سرانجام دینے کے لیے منتخب کیا جاتا ہے تو والدین کو اس کونسل پر خدمات سرانجام دینے کے لیے مقرر کیا جائے گا جسکی والدین نے اپنی منتخب کونسلوں میں سب سے اعلی مقام پر درجہ بندی کی تھی-

## انتخابی طریق عمل کس طرح کام کرتا ہے؟

**CEC اور شہرپیما تعلیمی کونسلوں کے والدینی ممبران کا انتخاب کس طرح کیا جائے گا؟**

**CECs کے لیے** – نامزد انتخاب کنندگان، والدینی ممبران کو 1 مئی سے 14 مئی، 2013 کے درمیان منعقد ہونے والے انتخاب کنندہ ووٹ کے دوران چنیں گے- اجتمائی اسکول ضلع کے ہر ایک اسکول کے PA/PTA صدر، سیکرٹیری، اور خزانچی (یا انکے متعلق نامزد فرد) انتخاب کنندہ ووٹ میں ووٹ ڈالنے کے لیے اہل ہوں گے-

**CCHS کے لیے** – نامزد انتخاب کنندگان، والدینی ممبران کو 1 مئی سے 14 مئی، 2013 کے درمیان منعقد ہونے والے انتخاب کنندہ ووٹ کے دوران چنیں گے- ہر برو کے ہر ایک ہائی اسکول کے PA/PTA صدر، سیکرٹیری، اور خزانچی (یا انکے متعلق نامزد فرد) انتخاب کنندہ ووٹ میں ووٹ ڈالنے کے لیے اہل ہوں گے-

**CCELL کے لیے** – نامزد انتخاب کنندگان، والدینی ممبران کو 1 مئی سے 14 مئی، 2013 کے مابین منعقد ہونے والے انتخاب کنندہ ووٹ کے دوران چنیں گے- ہر اجتمائی اسکول ضلع، برو اور ضلع 75 کی ہر ایک صدور کونسل CCELL انتخاب کے لیے اپنے ممبران میں سے نامزد انتخاب کنندہ کا کردار ادا کرنے کے لیے ایک ELL طالب علم کے والدین کا انتخاب کرے گی- اگر ELL طالب علم کے کوئی اہل والدین صدور کونسل پر خدمات سرانجام نہیں دے رہے، تو پھر صدور کونسل اپنے ضلع یا برو سے ELL طالب علم کے والدین کو رضاکارانہ طور پر CCELL انتخاب کے لیے نامزد انتخاب کنندہ کے طور پر خدمات سرانجام دینے کے لیے التجا کرے گی-

**CCSE کے لیے** – نامزد انتخاب کنندگان، والدینی ممبران کو 1 مئی سے 14 مئی، 2013 کے مابین منعقد ہونے والے انتخاب کنندہ ووٹ کے دوران چنیں گے- ہر اجتمائی اسکول ضلع، برو اور ضلع 75 کی ہر ایک صدور کونسل CCSE انتخاب کے لیے اپنے ممبران میں سے نامزد انتخاب کنندہ کا کردار ادا کرنے کے لیے ایک IEP کے حامل طالب علم کے والدین کا انتخاب کرے گی- اگر IEP کے حامل طالب علم کے کوئی اہل والدین صدور کونسل پر خدمات سرانجام نہیں دے رہے، تو پھر صدور کونسل اپنے ضلع یا برو سے IEP کے حامل طالب علم کے والدین کو رضاکارانہ طور پر CCSE انتخاب کے لیے نامزد انتخاب کنندہ کے طور پر خدمات سرانجام دینے کے لیے التجا کرے گی-

**ضلع 75 کونسل کے لیے** – نامزد انتخاب کنندگان، والدینی ممبران کو 1 مئی سے 14 مئی، 2013 کے مابین منعقد ہونے والے انتخاب کنندہ ووٹ کے دوران چنیں گے- ہر ضلع 75 اسکول کے PA/PTA صدر، سیکرٹیری، اور خزانچی (یا انکے متعلق نامزد فرد) انتخاب کنندہ ووٹ میں ووٹ ڈالنے کے لیے اہل ہوں گے-

**نوٹ: چند صورتوں میں یہ ضروری ہوگا کہ 14 مئی، 2013 کے بعد آخری فیصلے کے انتخابات منعقد کیے جائیں- جب ضروری ہو، تو ایسے آخری فیصلے کے انتخابات 16 مئی اور 21 مئی، 2013 کے درمیان منعقد ہوں گے-**